# ورجینیا میں خواندگی کی سکریننگ

آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے



UNIVERSITY of VIRGINIA
SCHOOL of EDUCATION and HUMAN DEVELOPMENT
VLP VIRGINIA LITERACY PARTNERSHIPS

Copyright © 2023 by the University of Virginia.



# اس کے اندر کیا ہے:

خواندگی اور زبان میں بہتری کیا ہے؟

خواندگی کے سکرینر کیا ہیں؟

انٹروینشن کیا ہے؟

VALLSS کیا ہے؟

VALLSS کا سکور آپ کو کیا بتاتا ہے؟

آپ کے بچے کے لئے مدد



Copyright © 2023 by the University of Virginia.


# خواندگی اور زبان میں بہتری کیا ہے؟

خواندگی سے مراد ہے کہ کوئی پڑھ لکھ سکتا ہے۔ زبان میں بہتری بولی جانے والی زبان کو سمجھنے اور استعمال کرنے کی صلاحیت ہے۔ پڑھنے کا مقصد یہ ہے کہ آپ جو کچھ پڑھتے ہیں اسے سمجھنے (ادراک کرنے) کے قابل ہیں۔

***پڑھنے کے لئے طلباء کو درج ذیل کے قابل ہونا چاہیے:***

1. *ڈی کوڈ* – الفاظ کو پڑھنے کے لئے آوازوں کو ایک ساتھ ملانا
2. *این کوڈ* – الفاظ کے ہجے کرنا
3. *زبان کو سمجھنا اور استعمال کرنا*

جیسے جیسے ان تینوں شعبوں مین طلباء کی مہارتیں بہتر ہوتی ہیں، ان میں روانی (لفظوں کو جلدی اور صحیح طریقے سے پڑھنا) اور پڑھنے کی سمجھ (پڑھی جانے والی چیزوں کو سمجھنا) میں اضافہ ہوتا ہے۔




سمجھ کے ساتھ
روانی سے پڑھنا


University of Virginia
SCHOOL of EDUCATION and HUMAN DEVELOPMENT
VLP VIRGINIA LITERACY PARTNERSHIPS
Copyright © 2023 by the University of Virginia.

# خواندگی کا سکرینر کیا ہے؟



خواندگی کا سکینر ایک ٹیسٹ یا امتحان ہے۔ یہ ان طلباء کی شناخت کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے جنہیں پڑھنے میں مشکلات پیدا ہونے کا خطرہ ہو سکتا ہے۔

ابتدائی سکرینگ بہت ضروری ہے کیونکہ پڑھنے میں دشواری کے خطرے کا پتہ کنڈرگارٹن میں ہی لگایا جا سکتا ہے۔ طلباء کے سکول کیرئیر کے آغاز میں پڑھنے میں دشواریوں کی سکرینگ کرنا ضروری ہے تاکہ کلاس روم کی تدریس کو طلباء کی ضرورت کے مطابق بنایا جا سکے اور ان کے پاس کمی پوری کرنے کا بہترین موقع ہو۔


UNIVERSITY of VIRGINIA
SCHOOL of EDUCATION and HUMAN DEVELOPMENT
VLP VIRGINIA LITERACY PARTNERSHIPS
Copyright © 2023 by the University of Virginia.

# انٹروینشن کیا ہے؟

انٹروینشن مخصوص مہارت کے شعبوں میں ***اضافی تدریس*** ہے جس کی طلباء کو ضرورت ہے۔

ورجینیا میں اگر طلباء کو اضافی مدد کی ضرورت کے طور پر شناخت کیا جاتا ہے تو وہ بہتری حاصل کرنے میں مدد کے لئے انٹروینشن حاصل کرتے ہیں۔

تحقیق ہمیں بتاتی ہے کہ پڑھنے میں دشواری کا سامنا کرنے والے طلباء کے لیے ابتدائی انٹروینشن بہت اہم ہے، کیونکہ طلبا اضافی تدریس کے بغیر "کمی پوری نہیں کر سکتے"۔





University of Virginia
School of Education and Human Development
VLP Virginia Literacy Partnerships
Copyright © 2023 by the University of Virginia.

VALLSS
کیا کرتا ہے؟

# VALLSS

ورجینیا لینگوئج و لٹریسی سکرینگ سسٹم یعنی زبان اور خواندگی کی سکرینگ کا نظام

1

ایک مخصوص وقت میں خواندگی کی ***اہم مہارتوں کے بارے میں فوری معلومات*** دیتا ہے۔

2

***ان طلباء کی شناخت کرتا*** ہے جنہں پڑھنے میں مشکلات کا ***خطرہ*** درپیش ہو سکتا ہے۔

3

تدریس پر توجہ دینے کے لئے ***تدریسی طور پر مفید معلومات فراہم کرتا ہے۔***

***VALLSS گریڈ K تا گریڈ 3 کے لئے ورجینیا ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کا خواندگی کا سپانسر شدہ سکینر ہے***



University of Virginia | School of Education and Human Development

VLP Virginia Literacy Partnerships

Copyright © 2023 by the University of Virginia.

# VALLSS

ورجینیا لینگوئج و لٹریسی سکرینگ سسٹم یعنی زبان اور خواندگی کی سکرینگ کا نظام

پڑھنے کے ان اجزا کی پیمائش
کرتا ہے جو پڑھنے کے لئے
اہم حیثیت رکھتے ہیں

پڑھائی کی جدید ترین سائنس
سے مطابقت رکھتا ہے

مختلف پس منظر اور زبانیں
بولنے والے طلباء کے ساتھ
ورجینیا کامن ویلتھ کے ساتھ
مشترکہ پائلٹ پروگرام

وقت کے ساتھ ترقی کی پیمائش
کرتا ہے

پری کے کے تین سال کے
سٹوڈنٹ سے لے کر گریڈ 3 تک
کے سٹوڈنٹ کو شامل کرنے کے
لئے توسیع کی گئی ہے



UNIVERSITY of VIRGINIA
SCHOOL of EDUCATION and HUMAN DEVELOPMENT
VLP VIRGINIA LITERACY PARTNERSHIPS
Copyright © 2023 by the University of Virginia.

# K:VALLSS تا گریڈ 3 کے سکور آپ کو کیا بتاتے ہیں؟

## 1

### اگر آپ کا بچہ پڑھنے میں مشکلات کے خطرے میں ہو سکتا ہے۔

تمام ذیلی ٹیسٹ مکمل ہونے کے بعد، سٹوڈنٹ خطرے کے مجموعی بینڈ کا اشارہ موصول کرے گا۔


یہ بینڈ اس طرح ہیں:

- کم خطرہ
- درمیانہ خطرہ
- بہت زیادہ خطرہ

## 2

### خواندگی کے کن حصّوں میں آپ کے بچے کو مزید تدریس کی ضرورت ہو گی

اساتذہ ان معلومات کو **تدریس اور انٹروینشن** کی منصوبہ بندی کے لئے استعمال کرتے ہیں اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ طلباء کو وہ مدد حاصل ہو جس کی انہیں ضرورت ہے۔




اپنے بچے کے VALLSS سکور کی تفصیل والے خط کے بارے میں جاننے کے لئے اپنے سکول سے رابطہ کریں۔



Copyright © 2023 by the University of Virginia.

# اگر میرا بچہ بہت زیادہ خطرے والے بینڈ میں ہے تو کیا ہو گا؟

## مدد دستیاب ہے!

اگر آپ کا بچہ زیادہ خطرے والے بینڈ میں ہے، تو اسے پڑھنے میں مشکلات پیدا ہونے کا خطرہ زیادہ ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ خواندگی کی بنیادی ترقی میں نمایاں طور پر پیچھے ہیں اور انہیں خصوصی، واضح تدریس کی ضرورت ہے۔

آپ کے بچے کا سکول سٹوڈنٹ کے پڑھنے کا ایک منصوبہ تیار کرے گا جو آپ کے بچے کی ترقی میں مدد کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ آپ کا بچہ ارلی انٹروینشن ریڈنگ انیشیٹیو (EIRI) کے ذریعے ہر ہفتے اضافی 2.5 گھنٹے کی خواندگی کی تدریس کے لیے اہل ہے۔

اس 2.5 گھنٹے فی ہفتہ اضافی خواندگی کی تدریس میں کسی شخص یا پروگرام کے ساتھ وقت، یا دونوں کا مجموعہ شامل ہو سکتا ہے۔ اپنے بچے کے لیے فراہم کردہ EIRI مداخلت کے بارے میں اپنے بچے کے سکول سے چیک کریں۔


UNIVERSITY of VIRGINIA
SCHOOL of EDUCATION and HUMAN DEVELOPMENT
VLP VIRGINIA LITERACY PARTNERSHIPS
Copyright © 2023 by the University of Virginia

# اگر میرا بچہ درمیانے درجے کے خطرے کے بینڈ پر ہے تو کیا ہو گا؟

## مخصوص، واضح تدریس کی ضرورت ہے!

اگر آپ کا بچہ درمیانے درجے کے خطرے کے بینڈ پر ہے تو آپ کے بچے کو پڑھنے میں مشکلات پیدا ہونے کا خطرہ درمیانے درجے کا ہے۔ آپ کے بچے کو VALLSS تدریسی اشاروں کی بنیاد پر ضرورت کے شعبوں میں متعلقہ واضح تدریس حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔

اگرچہ آپ کا بچہ ہائی رسک بینڈ میں نہیں ہے، اضافی تدریس کی بہت زیادہ سفارش کی جاتی ہے تاکہ وہ اسے کم خطرے والے بینڈ میں لے جائیں اور ان کی مہارت کے اہم شعبوں میں کمی پوری کریں۔



University of Virginia
School of Education and Human Development
VLP Virginia Literacy Partnerships
Copyright © 2023 by the University of Virginia.





# اگر میرا بچہ کم درجے کے خطرے کے بینڈ پر ہے تو کیا ہو گا؟

## منظم اور واضح کلاس روم تدریس

اگر آپ کا بچہ کم خطرہ والے بینڈ میں ہے، تو اسے پڑھنے میں مشکلات پیدا ہونے کا خطرہ کم ہے۔ آپ کے بچے کو منظم اور واضح کلاس روم ہدایات حاصل کرنا جاری رکھنے کی ضرورت ہے۔

سال بھر اپنے بچے کے VALLSS سکورز کی نگرانی کرتے رہیں۔


Copyright © 2023 by the University of Virginia

# گھر پر آپ کے بچے کی مدد کرنے کے طریقے

**literacy.virginia.edu** ملاحظہ کریں، ڈراپ ڈاؤن فہرست ***Families*** سے ***Resources for Families*** منتخب کریں




- میں اپنے بچے کی آوازوں کے ساتھ کھیلنے میں کس طرح مدد کر سکتا ہوں؟
- میرا بچہ خواندگی کی مہارتوں کو بہتر بنانے میں مدد کے لیے کمپیوٹر گیمز کیسے کھیل سکتا ہے؟
- میرا بچہ گھر پر کتابیں کیسے سن سکتا ہے؟
- میں اپنے بچے کی نئی الفاظ سیکھنے میں کس طرح مدد کر سکتا ہوں؟
- میں اپنے بچے کی الفاظ پڑھنے اور ہجے کرنے میں کیسے مدد کر سکتا ہوں؟
- میں اپنے بچے کو اس کے نام کےحروف اور آوازیں سیکھنے میں کس طرح مدد کر سکتا ہوں؟
- میں اپنے بچے کی تحریر میں مدد کیسے کر سکتا ہوں؟
- میں اپنے بچے کی زبان کی نشوونما میں کس طرح مدد کر سکتا ہوں۔
- میں اپنے بچے کی پڑھنے کی سمجھ میں کیسے مدد کر سکتا ہوں؟
- عمومی معلومات
- میں اپنے بچے کی مناسب رفتار اور اظہار کے ساتھ پڑھنے میں کیسے مدد کر سکتا ہوں؟
- میرا بچہ گھر پر آن لائن کتابیں کیسے پڑھ سکتا ہے؟



University of Virginia | School of Education and Human Development

VLP Virginia Literacy Partnerships

Copyright © 2023 by the University of Virginia.